جس سے یہ ہونیوالا ہے ۔ گویا سے
لیست ہو سکا آسمان زمین ہوگی سر سے بلند
پتھر نازل سے ستہ وبال جان ہو جائیگا

شہزادہ ۔ وہ بیہودہ غلول و نامردوں
کا کام ہے جیسے تو مجھ سے نکالا ۔
اب اس سے بچنا میرے بالکل بس
کا ہے ۔

انارکلی ۔ خدا اپنا فضل کی قسم ہیں کبھی
اور عزت سے آپکی سد راہ نہیں ہوتی
میں تو صرف یہ چاہتی ہوں کہ اگر دہلی
جانے میں کوئی بہبودی صورت نظر آتی
ہو تو آپ لا تامل چلے جائیں ۔ یہاں جو
پڑیگی میں جھیل لونگی آپ اطمینان
رکھیں ۔ اس سے اتنا خیال ضرور ہے
بی نہیں بہلا نہ دیجائیں کیونکہ مسیطر
ستی شراب کیسی ہے یہ آپ شراب
ایسا نہ ہو اسکو جوانی اثر کرے

شہزادہ ۔ فی الحال تو کوئی اور سبیل دہی
بادی النظر میں نظر نہیں آتی ۔ سوائے
اسکے کہ تمہیں اس قید سے نکال لے جاؤنگی
تدبیر و مکر کیجئے ۔

انارکلی ۔ بھلا بھاگ کے کہاں جائیگا
تمام ہندوستان تو شاہ ذیجاہ کی قلمرو
میں ہے ۔

شہزادہ ۔ یہ بھی ایک ہی ہوئی جانمن
شاہ ذیجاہ کی حکومت صرف ہندوستان
میں ہے ۔ ہوا کسے اس سارے جہان
ہوگی تو البتہ ٹھکانہ نہ ملتا ۔ اپنا ملک
خدا تنگ نیست پائے گدا لنگ نیست

انارکلی ۔ اگر یہ ارادہ ہے ۔ تو بلا تامل
آپ دہلی چلے جائیں ۔

شہزادہ ۔ بہت اچھا اگر آپکی یہی مرضی
ہے تو مجھے کوئی عذر نہیں ۔

انارکلی ۔ مگر جہاں تک ممکن ہو خط و
کتابت کا انتظام معقول رہے ۔ ۔ ۔ ۔
میں آپکی خیر و عافیت نہ معلوم ہونے پر
کوفت میں گھل گھل کر جان دیدونگی

شہزادہ ۔ انشاء اللہ بہت عمدہ انتظام
کرونگا کہ تمہیں روزانہ ایک خط ملا کریگا
کہ دیدی یہ کیوں عزیز ناظرین کیسا کچا چٹھا
تھا اور آپکو سنایا ۔ یہ بھی آپکی خاطر تھی
ورنہ اولت ایسی جان جوکھوں میں قدم

دھڑتا ہے ۔

یہ باتیں ہو رہی تھیں کہ صبح کی توپ
یکایک دن سے چل گئی جس نے اپنے
نشانے میں ان کے ہوش اڑا دیئے
پھر تو ایک بات بھی نہ کر سکے اور انارکلی
نے گھبرا کر رخصت کی اجازت چاہی جسے
شہزادۂ عالم نے جبراً و قہراً منظور کیا
اب ہماری خوش نظر نازنین انارکلی زعفران
کے ہمراہ لمبے لمبے قدم اٹھا کر اپنی
زندان میں پہنچی ۔ اے یہ کیسا دل فگار
وقت تھا جو ان دونوں پہ گذر گیا
شکر ہے ہماری مہر نگار اپنی عصمت اور
عفت بچا لے گیا گو ہمارے شہزادۂ عالم
کا دلی ولولہ بار بار افسوس حسرت
سے یہ کہہ رہا تھا مگر اب کیا ہوتا ہے
وصل کی شبیں رات شرم و حیا کا بندوبست
کھولتا بند تھا لیکن یہ دلیں رہ گیا ۔

گیارھواں باب

ناصح مشفق

حضرت ناصح گر آئیں دیدہ و دل
فرش راہ پر کوئی اتنا تو سمجھا دے کہ
سمجھائینگے کیا ۔ نہیں معلوم ان تمکین اور
بھولی بھالی صورتوں میں دلفریبی کے
خدا نے وہ کون سے انداز سے اور دلربائی
کی وہ کون سی اور رکھی ہیں ۔ جن کے
دیکھتے ہی دل تابو اور جگر پہلو میں نہیں
رہتا ۔ آنکھیں اشکبار جان بیقرار ہو جاتی
ہیں ۔ کلیجہ دھڑکنے لگتا ہے جسم میں
سنسناہٹ ۔ جی میں گھبراہٹ سی پیدا
ہو جاتی ہے ۔ دل میں ایک قسم کا
میٹھا میٹھا درد شروع ہو جاتا ہے مگر یہ
ذرا بھی اس مزے کا لطف انگیز و راحت
خیز درد ہے کہ اسکے درد مند ہمیشہ اس کے
بھوکے رہتے ہیں ۔ اور ان کے دل میں
ایک ایسی دلکش چیز پیدا ہو جاتی ہے جو تلخی
میں بھی حلاوت رکھتی ہے جسے صاف لفظوں
میں محبت کہتے ہیں ۔ جسے ایک ذرا سی
بات سے پیار سے پہلو میں ہو جوان کی طرح
چھپائے پھرتے اور کبھی کبھی جوش ذلت
میں اس سے یہ باتیں بھی کر لیا کرتے ہیں
اے ارے پیاری محبت ! تو بھی وہ دل
پسند مرض ہے کہ تیرا مریض شفا پانیکی
آرزو ہی نہیں کرتا اور نہ تیرا مارا ہوا کبھی
زندگی کی پرواہ کرتا ہے ۔ تیرا ہی مست
کبھی ہشیاری کے نزدیک نہیں پھٹکتا اور
اور تیرے ہی آب خنجر کا پیاسا ہمیشہ رہتا
ہے اور بار بار یہ کہتا ہے

خنجر کو چوس لیتے ہیں ہم سے نہیں تھم
تھا خنجر ست جبر سے ہوئے تیجیں کہاں ہیں

اے اے پیاری محبت تو بھی وہ جیتا ہوا
منتر اور جگایا ہوا جادو ہے کہ جب تو اسے
جگانا چاہتی ہے تو بڑے بڑے پوتر و نیکے
امیر دل عشرت پسند دل آرام طلبوں ناز و نعم کی
گسیلوں کی پرورش ہونے والوں پر بھی اسکا
وار کرتی ہے ایسا وہ عشرت ناک انتہا پسند ہے
کہ وہ بیچارے وقف حسرت و یاس بھی
ہو جاتے ہیں - اور ان عزیزوں کی آن بان
خاک میں مل جاتی ہے -

اے اے محبت جب تیری آگ
دل میں بھڑک اٹھتی ہے تو وہ کسیطرح بجھتی
نہیں اور بجھے تو کیونکر بجھے - کیونکہ یہ
صرف تیری ہی لگائی تو ہے نہیں بلکہ تو یہ
کسی عدوئے راحت و دشمن مسرت کی لگائی
ہوئی ہے جسکے شعلہ جگر سوز سے خاک ہو کر
بیچارے جلنے والے اپنی جان ہی دے دیتے
ہیں شہنشاہ فلک بارگاہ اکبر کا نور بصر
جنہا سے نور نظر سلیم (جو بعد میں تاج و
سلطنت کا مالک ہو کر جہانگیر کے لقب
سے ملقب ہو کر شہنشاہ ہندوستان
ہوا تھا) تڑپ تڑپ کر یہ شعر حسرت
و یاس سے پڑھ رہا ہے اور سوز جدائی
میں جل رہا ہے - جلال لکھنوی -

ہمیشہ سوز جدائی سے بیقرار رہا
کبھی [illegible] رہا کبھی بیقرار رہا

اے اے پیاری محبت تو وہ جنون انگیز ہی
اور وہ سودا خیز جوش ہے کہ جسپر تیرا سایہ پڑ
جاتا ہے وہ مجسم مجنوں و سودائی ہو جاتا ہے اسے
کچھ دنیا کی محبت اچھا کوئی دلربا صورت دلکش
صورت سامنے آجاتی ہے اسوقت تیری پڑھائی
ہوئی پٹی کس مزے سے اور کس کس پیار سے کیجاتی ہے
اور اسمیں وہ وہ لطف اٹھایا جاتا ہے کہ دل ہی جانتا ہے

اے پیارے اے محبت! یہ تیرے
ہی ہتھکنڈے اور تیرے ہی کرشمے ہیں -
کہ تو سراپائے بار جاندگان یار کے سامنے
پیش کرکے نہیں رسوائے عالم کرتی ہے
اور مطلق ان کے ننگ و ناموس کی پرواہ
نہیں کرتی -

اے اے معزز محبت! تیری ہی سرکار
قیامت آثار میں بادشاہ گدا - امیر فقیر
مجراں - پیر مفلس - محتاج صاحب نگین و
تاج سب ایک ہی لاٹھی ہانکے جاتے ہیں
یہی وجہ ہے کہ شہنشاہ ہندوستان کا لخت
دل پارہ جگر تیرے تیر جفا کا شکار اور
تیرے فرمان کا فرمانبردار ہے -

اے شہزادہ سلیم - اسوقت نشاط
منزل میں کیا غمگین و اندوہگین بیٹھا حسرت
و یاس سے ہر ایک کا منہ تک رہا ہے - یہ
وہی ہے جو کبھی تیرے بتوں اور پھول
[illegible]

اب کے تو تو نے ہمارے ناز و نعم سے پلے ہوئے
شہزادے کو وہ باغ سبز دکھائی دو - وہ دکھا
دیا کہ خدا کی پناہ! اب نہ وہ سلیم ہے نہ وہ چہل
پہل نہ وہ رنگ رلیاں نہ وہ جلسہ احباب
نہ وہ عیش کی لال پری نہ وہ کتاب البتہ ایک
سلیم جگر فگار ہے اور خیال یار ہے ہاں اس وقت
اتفاقاً آپ دونوں یاروں سے خواجہ محمود صاحب
مرلیدھر بھی آ گئے ہیں جن سے ہمارا زخم خوردہ
شہزادہ باربار آتیں بھر بھر اور کلیجہ تھام
تھام کر یہ باتیں کر رہا ہے -

مرلیدھر- شہزادہ عالم خدا نہ کرے وہ اگر ایک آدھ
چند سے یہی حال حسرت مآل رہا تو دشمنوں
کی جان کے لالے پڑ جائینگے -

محمود - شہزادہ عالم یہ عورتوں کی حکمت
لتو سے بہانا اور داڑھیں مار مار کر رونا
نہیں معلوم آپ کے ساتھ کیا سلوک
کرے خدا را ذرا تو رحم فرمائیے اور یہ خیالات چھوڑیئے

شہزادہ - واہ مرزا صاحب! میں لتو سے
کھلاتا ہوں - آپ کی باتیں بھی دنیا سے
نرالی و مشکل ہوتی ہیں - اسلیئے تو میں
نے آپ صاحبوں سے اپنی تمام امیدیں منقطع
کر لیں اور کسی سہارے کا بھی خیال نہ رکھا
بقول حضرت ذوق ؎

نہ بکہ پیش دامن الیاس گرداب بلا میں ہم
کہ بہ تہ ڈوب مرتے جینا کا سہارا تھا

جب آپ لوگوں کے خیالات میری حالت
نہ رکھے ہیں - تو پھر آپ حضرات سے توقع
ہی کتنا ہےبنیاد ہے

خواجہ محمود - بیشک ہماری باتیں آپکے
خیال کیسا تھا جیسی طرح پیش نہ آئی ہونگی اور آپکے
خیالات انہیں بہت بری نظر سے دیکھ رہے ہونگے
کیونکہ وہ نہایت بھی اور کھری ہوتی ہیں اور سچی بات
کسی کو بھی بھلی معلوم نہیں ہوتیں - آپ تو غریب پرور
ہم غریبوں سے قطع تعلق بنا لینے کی کوشش کرتے ہونگے
مگر ہم نہیں کر سکتے کیونکہ قدرت نے ہمیں
آپ کے دامن دولت سے وابستہ کر دیا
ہے لیکن آپ ہی فرمائیے کہ قوانین قدرت
میں کسی نے اصلاح کی ہے جو ہم کریں
اللہ ہم تو ہم شاید آپ بھی نہ کر سکیں ہمیں
جان نثاری و جاں نثاری سے غمخوار کیونکر
بھی چھپائیں - اور کیونکر جان چھپائیں
یہ سب بالکل آپکے خیال مبارک کی
نہ سمجھی ہے -

مر رہے ہیں ہمیں یار میں جیتے
شیوہ اپنا تو ہے وفاداری کا

برائے خدا پھر آپ قطع تعلق کا کلمہ زبان
سے نہ نکالیں کہ ہمیں سراسر ہماری
دلشکنی ہوتی ہے جو کسی طرح آقا کو
غلام نوازی کے واجب نہیں -

شہزادہ - خیالی صاحب ان گو آپ کی باتیں

سچی و کھری سہی مگر بزرگوں کے قول کو بھی
کبھی تو خدا کے لیے یاد رکھا کرو کیا آپ بلبل شیراز کے
اس مقولے کی کچھ توقیر نہیں کرتے مگر اس فقرے
کو آپ مد نظر رکھیں تو کبھی ایسی بے حجابات آپکو
پیدا نہ ہو اسے اپنا تو یہ حال اور آپکا وہ مثال ہے

بس تپلی سینہ جلے نہ ہوئی
اسد دل بیقرار کی مانند

خواجہ محمود۔ بندہ نواز یہ صحیح ہے مگر
کیا مصلحت کمبخت کے لیے خدا نخواستہ
میں آپکو ہجر جاناں میں ہلاک ہونے اور
جان دینے کی ترغیب دوں اور اس سے
بچنے اور تسکین دینے یا دلجوئی کرنے کی فکر
نہ کروں۔ اگر میں نے ایسا کیا تو مجھ سے
زیادہ ظالم اور محسن کش شاید بیچر
نے پیدا ہی نہیں کیا۔ خیر اگر آپکی مرضی
یہی ہے تو اب مصلحت یہی ہے کہ ہم زندگا
مگر خدا کیلئے ہوا بینی خود غرضی وغیرہ وغیرہ
کی تہمت سے معاف رکھیگا۔

شہزادہ۔ بھئی ایسی مصلحت برتنے
کو میں نہیں کہتا۔ جیسا آپ نے بیان فرمایا
خدا نہ کرے نہ ہمارے یار کو ہوا بینی کی
ہوا بھی لگ جائے۔ اگر آپ اصحاب نے
میرے سمجھانے یا میری دلجوئی میں ذری
بھی کسر کی تو جس الزام سے بچنے کی
آپ نے خواہش ظاہر فرمائی ہے
خود بخود آپ اسکے ملزم ہو جائینگے اگر میں نے اس سے
چشم پوشی بھی کی تو بھی دنیا آپکو متہم کرینگی ذرا
بھی آپکا مروت نہ کرے گی۔

مرلیدھر۔ شاہ نوشیروان جہاں نے اپنی نوشیروانی
نصف شعاری میں یہ کیا اندھیر کیا کہ غریب انارکلی
کو بے خطا قید کر دیا ابھی تک تو شاہ عرش
پاسبان کو اس دکھیا کا قصور بھی نہ معلوم
ہوا۔ پھر کیوں انہوں نے یہ ظلم و بیداد
روا رکھا۔ آئے ہائے بیچاری کیسی مصیبت
جھیل رہی ہے۔

خواجہ محمود۔ واقعی اس کا تو مجھے
سخت قلق اور بے حد استعجاب ہے
شاہ ظفر پناہ بھی اسمیں زیادہ اہتمام
کے متہم نہیں گردانے جا سکتے ہیں۔ یہ
سارے شگوفے ہمارے بدبختوں کے کھلائے
ہوئے ہیں۔ اس پر ہمارے شہزادے
صاحب بہادر کے خط نے اور بھی آفت
ڈھا دیا۔ اگر وہ خط بڑی بیگم صاحب کے
ہاتھ نہ آجاتا اور وہ شاہ عالم پناہ کو نہ
دکھلائیں تو یہ آفت نہ آتی۔

سلیم۔ واللہ اعلم۔ ابا کے کان کس
بدنصیب نے اس بیچاری مصیبت کی
ماری ناکردہ گناہ کی طرف سے ایسے
بھر دیئے۔ کہ وہ ناخوش ہو کر اس کے پیچھے
پڑ گئے۔ اور اب کسی کی سنتے ہی نہیں

اس پر ہمارا خط کمبخت اور بھی سونے پر
سہاگہ ہوگیا۔ ہونیوالی بات ہو ہی جاتی ہے
نہ طوفان آتا نہ یہ سب جھگڑے کھڑے ہوتے
وار ہی تقدیر نے عجیب سلوک کیا۔

خواجہ محمود۔ سوائے ابو الفضل اور فیضی
کے اور کسکی جرأت ایسی بے باک ہو سکتی ہے
یہ انہیں دونوں بے نیفوں کا کام ہے
خدا ان موذیوں سے بچائے اور انہیں جہنم
داخل فرمائے کمبختوں نے شہزادۂ عالم کی بھی پوری شد دہائی

شہزادہ۔ سچ کہتے ہو بھائی جان یہ دونوں
بڑے ظالم و ظالم کافر و کافر ہیں۔ بھلا یہ
اپنی عادت سے چوکنے والے ہیں۔
اگر یہ ہم سے عداوت نہ رکھتے ہوں
تو بھی ـــ

نیش عقرب نہ از پے کیں است
مقتضائے طبیعتش این است

الفت سے کسی کا بہبودی کی امید سے کامنا سراسر
امید نچاری کی گردن پر الٹی چھری کا پھیرنا
ہے۔ یہ تمام ورطے اپنی کے لگائے ہوئے ہیں۔

چمن میں کوئی شگوفہ صبا نے چھوڑا ہے
جو آج کل گل و بلبل میں بول چال نہیں
چمن میں کوئی شگوفہ صبا نے چھوڑا ہے

مرلیدھر۔ اے کہاں وہ ناز و نعم کہاں
یہ الم کیسے کیونکر وہ اس تنہا کے دن
بھگتتی ہوگی اور کیونکر مصیبت کے ایام
ہوگی جب میرا بس چلتا تو میں ان ظالموں [illegible]
کی ناک کٹوا کر تشہیر کرا دیتا

سلیم۔ ہائے میرا الله مجید سے لو
اب پھر کسی مصیبت نہیں جھیلی جاتی ہے
اور نہ فرقت کا صدمہ اٹھایا جاتا ہے
اس سے تو موت ہی آ جاتی تو میری
زندگی ہو جاتی۔ ہائے اب کسے

رند

فرقت کی رات آنکھ سے وہ بسر کرا گئی
کیسی بری گھڑی تھی جو آنکھ آ لگی

مرلیدھر۔ آپ تو ہراساں ہوئے جاتے ہیں
ہراساں نہ ہو جیئے۔ کہ آپ کے ہراساں
ہونے سے تمام کھیل بگڑ جائینگے پھر کچھ کرتے
دھرتے نہ بنیگا۔ ہاں تدبیر شرط ہے۔ کام
کئے جاؤ۔ تدبیر سے ہرگز ہرگز نہ چوکنا چاہیے
جب ہمارے دشمن نہیں چوکتے تو ہم کیوں
چوکیں۔

خواجہ محمود۔ سنا ہے شاہ فرید دل ...
نے اب تو اس زندان غم کی چوکسی کے
لئے پہرے بھی بٹھا دیئے ہیں خیر پھر
دیکھا جائیگا۔ تدبیر تو موجود ہے۔

سلیم۔ ہائے ہائے وہ امیرانہ ٹھاٹھ [illegible]
رہنے والی محلوں میں زندگی بسر کرنے والی
قید تنہائی کو زندان الم میں کیونکر بسر کرتی
ہوگی۔ بہت تو یہ تھا۔

ہم دونوں تو قتل ہی کر ڈالتے ۔ تو یہ آپ کے
دن کے جھگڑے ہی ختم ہو جاتے ۔ اسے ظلم ستم
پیا جور بے جفا تو اب نہیں دیکھا جاتا ۔

مرلیدھر ۔ (مرزا سے) اجی مرزا صاحب
آپ خان خاناں جیسے صاحب تدبیر و عقل کل
صاحبزادے ہو کر کوئی داؤں ایسی نہیں چلاتے
کہ ہمیں سے وہ پری پیکر قید خانے سے آزاد
ہو جائے اور ان تمام گرفتاروں کے جھگڑے
چھوٹ جائیں اور آپ کے پو بارہ ہوں

خواجہ محمود ۔ یہ تو ہونا ہی ہے ۔ آپ
دیکھتے تو جائیے ۔ کہ وہاں فرشتہ پہنچیں بار ۔
یہاں ابوالفضل بھی کیا یاد کریں گے ۔ کہ اچھے
[illegible] شعبدہ تھا ۔ انکی بھی وہ جبری ہو ۔
کہ [illegible] کا دودھ آجائے تو بھی
نہیں ۔ [illegible] کی تو اب خرگوش میں ہے

مرلیدھر ۔ یار ہیں بھی تو رات دن سے
یہی سوچ رہے ہیں کہ کس طرح [illegible]
[illegible] قید [illegible] سے مخلصی پائے
اور [illegible] شب وصل سے دور ہو
اور وہ [illegible] وصال سے دور ہو

سلیم ۔ [illegible] آپ [illegible] سے بہت
کچھ امید ہے مگر [illegible]
[illegible] آپ کی بھی [illegible] کے
سامنے کچھ چل سکے ۔ اے [illegible]
لے [illegible] ظالم نے ملک میرے تمام
عیش و آرام پر جھاڑو کرنے سب کو
تاخت و تاراج کر ڈالا ۔

مرلیدھر ۔ بیشک

سلیم ۔ اے میرے راحت روح کب
تک قید کی ذلت اور اسیری کی اذیت
جھیلیگی ۔ ہائے وہ گل اندام تو صدمہ
مفارقت میں سوکھ کر کانٹا ہو گئی ہوگی
اسے کوئی بھی ایسا ہمدم و ہمدرد نہیں
جو مجھے اس گل رعنا کی نکہت ہی سنگھا
دیتا ۔ سے میر

نکہت یار ہی اڑا لاتی
تجھ سے اتنا بھی اے صبا نہ ہوا ۔

مرلیدھر ۔ آپ کی حالت اس وقت
فراق و صدمہ اشتیاق سے بالکل
غیر ہو رہی ہے ۔ مجھے خوف آتا ہے ۔ کہ
خدانخواستہ اس کوفت میں آپکے دشمن
بیمار نہ ہو جائیں ۔ میری رائے میں تھوڑی
دیر تفریح سے غم غلط کیجیے تو بہتر ہے

لہیدی ۔ واہ [illegible] میرے [illegible] اچھا
سوجھی ہے ۔ مطلب ہی کی سوجھی ہے

سلیم ۔ میری تو جو حالت ہے وہ ہے
ہی مگر خیر آپ کی خاطر کئے دیتا ہوں ۔
[illegible] کوئی شغل ہو گا
خیال یار [illegible] بھی نہ لینے دے گا

لہیدی ۔ جی ہاں بجا ارشاد ہے بجا ہے

سو وہ دوزخ میں جائے یا بہشت میں مگر
آپکو تو اپنے حلوے مانڈے سے غرض ہے
بہت اچھا شغلہ !!!
اب ان تینوں شخصوں نے ایک پیگ
سے پیاس بجھانی کا لیا تھوڑی ہی دیر کے بعد
شہزادے نے ایک پیگ اور نوش فرمایا اور یہ
باتیں شروع ہوئیں ۔
مرزا بیدمیر ۔ سننے میں آیا ہے کہ شاہ سکندر
جاہ ابوالفضل کو شہزادہ عالم کی تہدید تادیب کیلئے
بھیجنے والے ہیں والد عالم کہا تا ہے یہ معاملہ سچ ہے
خواجہ محمود ۔ سنا تو میں نے بھی ہے مگر ابھی
اسکی تصدیق نہیں ہوئی ۔ اچھا آنے تو دیجیے
کی وہ خبر لیجاویں کہ وہ بھی یاد کریگا
اچھا ہوتا تو اگر اس وقت آجاتا ۔
شہزادہ ۔ ہاں یار اس وقت آجاتا تو بڑا ہی
مزا آتا ۔ اور وہ حضرت سمجھائیں گے ۔ کیا
یہ تو میری سمجھ ہی میں نہیں آتا خدا کرتا
اس پر عشق کا جن سوار ہو جاتا تب اسے
آٹے دال کا بھاؤ معلوم ہوتا ۔ اور اسکا
سارا تقویٰ خاک میں مل جاتا ۔ کمبخت ہیں
بڑا شغال ہے ۔ اس کے بعد وہ مرزا دور
سننے آخر کا حیلہ ہی رہ گیا تھا ۔ کہ ابوالفضل
کے آنے کی اطلاع ہوئی فوراً سامان شغل ہٹا دیا گیا ۔
مرزا بیدمیر ۔ ابھی اس وقت اسکا آنا خالی از
شرارت نہیں ہے

خواجہ محمود ۔ ضرور دال میں کچھ کالا ہے
اچھا آنے تو دو چلا کر دیکھا جائیگا ۔
شہزادہ ۔ (ملازم سے) دیکھو آنے دو ۔
ملازم ۔ (باہر آکر) جائیے حضور اندر
جانیکی اجازت ہے ۔
مولانا ابوالفضل نے قدم اٹھایا ہی تھا
کہ یہ آواز آئی
[illegible]
قدم رکھنا سنبھل کر محفل رنداں ہیں یہ لٹتے
یہاں پگڑی اچھلتی ہے اسے میخانہ کہتے ہیں
دیر تک پہلے تو مولانا جھجکے مگر پھر جبراً و
قہراً اندر جانا ہی پڑا ۔
شہزادہ ۔ مولانا ابوالفضل کو آتے دیکھ
کر آئیے آئیے !! خیر تو ہے ۔ مولانا
آج یہ عید کا چاند کدھر سے نکلا مزاج
مقدس ؟

اے آمدنت باعث آبادی ما
ذکر تو بود زمزمہ شادی ما

مولانا ۔ حضور شہزادہ عالم عالمیان کی عمر
دراز !! سب خیریت ہے ۔ دعا کرتا ہوں
شہزادہ ۔ آج کیا ہے جو آپ نے مجھے
خاکسار کی طرف نظر التفات مبذول فرمائی
مولانا ۔ میں کچھ نہیں یونہی چلا آیا تھا ۔
شوق ۔ ہمیشہ شہزادہ عالم کے دیدار دلنشیں
[illegible]

تھی۔ فقط حضور کو ایک نظر دیکھ لینے
کیلئے حاضر ہوا تھا وہ تمنا خدا نے پوری کر دی
اس کمبخت مرض سے بھی کہتا اگر تخلیہ پاتا مگر وہ نہیں ہے
خیر پھر دیکھا جائیگا۔
شہزادہ۔ اسے بھی آپ تخلیہ ہی تصور فرمائیے
یہ لوگ کوئی غیر نہیں میرے دلی رازدار ہیں
آپ شوق سے فرمائیں جو کچھ آپکو فرمانا ہو۔
مولانا۔ (بو سے ہئے سے منہ بناکر اور
ناک پر رومال رکھکر) یہ کیسی بو ہے جس سے
دماغ پھٹا جاتا ہے۔
شہزادہ۔ مولانا یہ آپ کی مشام جان
کو تازہ کرنیوالی شمیم ہے۔ آپ اس سے
اس قدر گھبراتے کیوں ہیں۔ کیا خدانخواستہ
توبہ کر ڈالی۔ اہو ہو ہو !!! سے
تو آج میر مسجد جامع کے ہیں امام سے
داغ شراب دھوتے ہیں مل جانماز سے
مولانا۔ توبہ توبہ مجھ سے کیا کمبخت
کبھی ہو ابھی نہیں۔ توبہ کس سے کرتا۔
شہزادہ۔ اے مولانا پھر آپکو کیا
بتاؤں کہ یہ گل اندام کی نکہت فرحت
افزا ہے سے
کیا بتاؤں میں لطف اسکے واعظ
اے کمبخت تو نے پی ہی نہیں
مولانا۔ خیر مجھے معاف فرمائیے۔
شہزادہ۔ مولانا کیا پھر اسلام تبدیل فرمالیا

مولانا۔ شہزادہ عالم نہیں معلوم یہ بات
آپ کیا فرما رہے ہیں۔ میں تو بفضلہ تعالیٰ
مسلمان ہوں۔ مسلمان کا بیٹا ہوں۔
مسلمان خاندان میں پیدا ہوا ہوں
مسلمان سلطنت میں رہتا ہوں مسلمان
مذہب ہے مسلمان طرز معاشرت ہے۔
یہ بہکی بہکی باتیں کیسی۔
شہزادہ۔ میں بھلا کیونکر باور کرلوں
کہ آپ مسلمان ہیں۔ آپکے عقیدے
سے تو خدا ہی بچائے۔ آپ تو اسلام
پاؤں دو الگ ایسے اختراع مخترع فرما
رہے ہیں۔ اور وہ وہ نرالی شاخیں
نکال رہے ہیں کہ الامان خیر اسوقت
مجھے اس رد و قدح سے کوئی غرض
نہیں۔ آپ اپنا مطلب بیان فرمائیں
میں حاضر ہوں۔
مولانا۔ میں نے پہلے ہی عرض کیا کہ
تخلیہ کی ضرورت ہے۔
شہزادہ۔ اس کا جواب بھی پہلے
عرض کر چکا کہ آپ تخلیہ ہی تصور
فرمائیے کیونکہ (مرزا اور راقم کی طرف
اشارہ کرکے) یہ دونوں میرے دلی راز
دار ہیں ان سے میری کوئی بات
چھپی ہوئی نہیں ہے۔ آپ [illegible]
[illegible] ہے آپ کو تخلیہ کی فکر

اسقدر کیوں ہے۔

مولانا۔ شاہ عالم پناہ نے مجھے آپ کی خدمت میں بھیجا ہے۔

شہزادہ۔ سبب موجب حبت آپکے بھیجنے کی علت غائی

مولانا۔ اسکی علت غائی صرف یہ ہے کہ آپ ان ناجائز و نا ملائم حرکتوں سے محترز رہیں۔ جو آپ سے اور آپ کے ہم جلیسوں اور ہمصفیروں سے سرزد ہو رہی ہیں۔ جنہوں نے ایک عالم میں تہلکہ مچا رکھا ہے۔

شہزادہ۔ آپ ایسی نازیبا گفتگو مجھ سے کس حیثیت و اختیار سے فرما رہے ہیں۔ حضور کیا اعلیحضرت نے آپکو مجھ سے اس قسم کی بے معنی گفتگو کرنے کی اجازت مرحمت فرما دی ہے۔

مولانا۔ میں آپ کی اس منطقی بحث کا ماحصل نہیں سمجھا کہ اس بیان سے آپکا مقصد کیا ہے۔ براہ مہربانی ذرا اسکی توضیح فرمایئے۔

شہزادہ۔ میں سمجھے تو چشمہ آفتاب پہ گنا سرمشتا کسی مسجد میں جایئے۔ بھلا یہ کون سی ایسی دقیق تقریر تھی۔ جسے آپ سا اللہ نظر نہیں سمجھا۔ اچھا اب سنیئے کہ میری التماس یہ ہے کہ آپ مجھ پر حکمرانہ حکومت کا بار ڈال رہے ہیں۔ یا ناصحانہ و بزرگانہ طریقہ برت رہے ہیں۔ یہ مجھے معلوم ہو جائے۔ تا میں بھی جواب میں انہی پہلوؤں کو اختیار کروں کہ جن پہلوؤں سے آپ سوال کریں۔

مولانا۔ شاہزادے عالم بھلا سوائے خادمانہ حیثیت کے میں دوسری حیثیت رکھ سکتا ہوں۔

یہ آپ کیا فرما رہے ہیں۔ ہاں اگر آپ حفظ مراتب کو کام فرمائیں۔ تو بزرگانہ حیثیت بھی کام میں لانے کی جرات کروں۔ ورنہ حضور مذکورالصدر ہی دونوں حیثیتیں میرے لئے کافی ہیں

شہزادہ۔ اچھا تو آپ کی تقریر کا ماحصل یہ ہے کہ میں تمام عیش و آرام اپنے اوپر حرام کرلوں۔ اور اپنے یاران نیک انجام مثلاً مرزا عبدالرحیم و راجہ صاحب سے کنارہ اختیار کروں یا انہیں خیرباد کہدوں۔ اسکی تو آپ مجھ سے قیامت تک امید نہ رکھیں اور نہ یہ مجھ سے میری حیات میں ممکن ہے کہ میں اپنے دلی جانثاروں کو چھوڑ کر آپ کی و حشت انگیز ملفیت کا وحشی ہو جاؤں۔ خدا آپکے آپکی ایسی تقریر سے انداز رہیں۔

مولانا۔ میری کیا مجال جو بال آپ کو

ایسی ناگوار صلاح جو طبع عالی پر بار ہو
شہزادہ - واہ مولانا! آپ میں بات
کہکر مکر جانیکی صفت بھی ہے اگر یہ
نہیں تو پھر آپکی اس فضول گفتگو کا
[illegible] مطلب کیا ہے۔
مولانا - شہزادہ عالم خدا نہ کرے
کہ ایسی مذموم صفت مجھ میں آجائے
خداوند دافع البلیات مجھے اس نامردانہ
صفت سے محفوظ ہی رکھے - یہ
تو صرف نامرغوب رفتار و ناطبوع
کردار کی نسبت گفتگو کی اور وہ
شاہ کیقباد جیسا [illegible] اور
زبانی تھی - ورنہ میری زبان یا میری
طاقت کو اتنی ہمت و جرات کہاں
تھا کہ مجھے آپ اسکا ناسمجھ اور اس
بے باکی کا مجرم نہ ٹھہرئیں -
شہزادہ - خیر ہوگا - مگر اب تو آپ
کو جو کچھ فرمانا تھا فرما چکے - کہ ابھی اور
بھی کچھ کہنا باقی ہے - اگر باقی ہو تو
للہ وہ بھی فرما دیجیے - اور قبلہ و
کعبہ کا حکم بجا لائیے - مولانا - خیر اگر
آپ کو میرا بیان کرنا اور کہنا سننا بھی
ناگوار ہے - تو میں [illegible] ہوتا
ہوں - آپ اتنا سے بیٹھیں -
شہزادہ - نہیں! نہیں! مولانا تشریف

رکھیں - بھلا میں آپ سے عالم فاضل سمجھ
دار مدبر وزیر سلطنت اور [illegible] اکبری
کے رکن اعظم کی صحبت باعث فیض و برکت
سے کہیں گھبرا سکتا ہوں ہرگز نہیں بلکہ
میں تو آپ کے قدم غنیمت لزوم کو اپنی
سعادت و عزت کا موجب خیال کرتا ہوں ہاں
آپکی یہ بے ربط گفتگو البتہ کھٹکتی ہے -
مولانا - شہزادہ عالم میں بیہودہ سرائی
نہیں کرتا - میں تو خدا سے چاہتا ہوں
کہ یہ افواہ جو اڑ رہی ہے - بادہ ہوائی
ہو جائے اور اس سلطنت کی حیات
البقا دست پائے
شہزادہ - ہیں افواہ! کیسی -
مولانا - یہی - معین الملک مرحوم و
مغفور کی صاحبزادی اور آپ سے
تعلق کی -
شہزادہ - اجی دستور المعظم وزیر المکرم
صاحب بہادر یہ آپ اس وقت میں کہاں
اسے آپ ہرگز ہرگز افواہ حقیر نہ سمجھیے - بلکہ
اسے آپ بالکل سچ اور پتھر کی لکیر اور مجھے
اس فقیر جوان کے [illegible] سمجھیے -
مولانا - افسوس مجھے آپ سے ہرگز
کسی طرح کی اطلاع اس سے پہلے یا [illegible]
کی متعلق امید نہ تھی -
مرزا - بھلا یہ افسوس کا مقام ہے

مولانا۔ مولانا آپکے اس افسوس پر ہزار
افسوس آپ کے اس تاسف پر لاکھ تاسف
بھلا بیٹھے بٹھائے آپکو کیا سوجھی کہ نت نئے
طوفان بپا کرنے کو اٹھ کھڑے ہوگئے
شہزادہ۔ مولانا آپ ایسے فاضل یگانہ
ہوکر ان عام خیالوں کے اماج ہوگئے
جاتے ہیں۔ افسوس جناب بندہ
عشق میں اپنی جان اس کی بانکی ادا پر
قربان کر چکا ہے۔ شاہ ذی جاہ ناراض
ہوں یا خوش مجھے انکی بھی پروا نہیں
اگر حکم دیں تو میں انکا ملک بھی چھوڑ
دوں۔ اور کسی جنگل ویرانے میں جا بیٹھوں
اگر آپ حضرات نے مجھ سے کچھ زیادہ
پرخاش کی تو لابدی یہی ہوتا ہے
ذرا آپ اور وہ دونوں حضرات سے یاد
رکھیں۔
مولانا۔ شاہ ظل اللہ تو اس تعلق سے
بے تعلق ہیں۔
شہزادہ۔ ہوا کریں۔ مگر یہ بھی آپ
ہی کی عنایتوں کا نتیجہ ہے۔
مولانا۔ شہزادہ عالم! آپ ناحق مجھ
سے بدظن ہوتے جاتے ہیں بھلا میری
اتنی تاب و طاقت ہے کہ آپ کے معاملہ
کی طرف نظر اٹھا کر بھی دیکھ سکوں۔
پھر آپکی یہ بدگمانیاں مجھ ایسے بے طرف
منسوب فرمائیں بجا نہیں ہیں تو کیا میں
اگر شاہ ذی جاہ مجھے نہ بھیجتے تو میں قیامت
تک بھی اس طرف کا رخ نہ کرتا چاہے ادھر
کچھ بھی ہو جاتا۔ البتہ شاہ ذی جاہ سے حکم
کی بجا آوری جو مجھ پر فرض تھی وہ میں نے ادا کر دی
اب آپ جانیں اور آپ کا کام۔
شہزادہ۔ میں آپکو بخوشی اجازت دیتا
ہوں۔ کہ آپ ابا جان سے صاف
صاف عرض کر دیں کہ سلیم اب بندہ
عشق ہیں۔ اور وہ اب زیادہ دق نہ کریں
ورنہ میں اپنی جان بھی دینے میں تامل
نہ کرونگا۔
مولانا۔ شہزادہ عالم آپ ہی انصاف
فرمائیں۔ کہ جب شاہ ذی جاہ انارکلی
کو اپنی لڑکی سے بھی زیادہ عزیز رکھتے ہیں
تو وہ پھر کیونکر اس ناجائز تعلق کو
جائز تصور فرما سکتے ہیں۔
اس جملہ پر تمام حاضرین محفل نے ایک
قہقہہ اڑایا۔ کہ مولانا کے ہوش گم ہو گئے
خواجہ محمود۔ مولانا اگر یہی خیال ہے
تو کلمہ میں جائز ہوا جاتا ہے اور تمام
جھگڑا رفع آپ نے تو وہ بے پر کی
اڑائی کہ جس کا ٹھکانا ہی نہیں کیا بیٹیاں
دنیا میں قیامت تک بیاہی نہیں جاتیں
یا بیاہ دینے سے باپ کی بالکل کٹ

حاتی ہے۔ جو آپ نے ایسا فرمایا کہ اگر
شاہ ذیجاہ انارکلی کو لاکھ بار بیٹی کہیں تو
بھی بیگم کے ساتھ صرف ایک خطبہ کے
پڑھے جانے سے جائز ہو سکتی ہے البتہ بڑی
بیگم صاحبہ اگر ایک قطرہ دودھ بھی آپ پلائیں
تو ضرور شہزادہ اس حق سے محروم رہ سکتا ہے
اور ایسا پیغمبر مآثر نیت خیال کیا جاتا ہے
مگر ابتو آپ سے ہزار کھینچیں تانیں اس کا
رخ بھی شرع کی طرف نہیں پھر سکتا۔
شہزادہ۔ علاوہ بریں تمام رعایا بادشاہ
کے بال بچے ہوتے ہیں۔ تو کیا اس کے
یہ معنے ہوئے کہ شہزادے اور شہزادیاں
کہیں بیاہی نہ جائیں۔ اور نہ کسی شرفا و
نجبا سے تعلق بھی قائم ہو۔ والعہد مولانا
آپ کی منطق بھی دنیا سے نرالی منطق ہے
مولانا۔ یہ حملہ تو آپ مجھ پر نہیں شاہ
ذیجاہ پر کر رہے ہیں۔ بہر کیف آپ شاہ
ذیجاہ کا فرمانا تسلیم فرمائیے۔ کہ اس
میں آپ کا کوئی نقصان نہیں ہے۔
شہزادہ۔ مولانا یہ تو ان ہونی بات
ہے۔ اور اب تو میرے اختیار سے بھی
باہر ہے ؎ ذوق

میں ان سے پھروں کو مجال ہے
ناصح نہیں یہ بات میرے اختیار کی

مولانا۔ تو پھر مجھے کیا حکم ہے میں
مایوس ہی اٹھ جاؤں۔
شہزادہ۔ کیا کیا جائے مجبوری ہے کیونکہ
ابتو ان تلوں میں تیل ہی نہ رہا۔ اور
صرف آپ ہی میری طرف سے مایوس
نہوں بلکہ ابا جان اور تخت و سلطنت بھی
یہ وہ نشہ نہیں جسے ترشی اتار دے
مولانا۔ شہزادہ عالم! بادشاہ وقت
کی فرمانبرداری نہ سہی والدین کی سہی کہ
یہ تو آپ پر ہر طرح واجب بلکہ فرض
ہے۔
شہزادہ۔ اس کے لئے تو میں دل و
جان سے حاضر ہوں جو مشکل ہو کافر ہے
مگر وہ میرے پرائیوٹ معاملات میں
دخل نہ دیں۔
مگر وہ ایسا کریں تو ان کی مرضی میرے
نزدیک انکا ایسا کرنا بالکل خلاف
تہذیب و خلاف رفتار شرفا دکھیں ہاں
مگر وہ نہ مانیں گے تو مجھے اس شعر کا
پابند ہونا پڑیگا ؎
حاجی بندہ عشق مردی ترک نسب کن جامی
کہ درین راہ فلان ابن فلان چیزی نیست
مولانا۔ شہزادہ عالم والدین کی نافرمانی
مناسب نہیں۔!!
شہزادہ۔ مولانا! تو انہیں مجھ پر بھی نا
مہربانی مناسب نہیں بھی نہیں۔ جبکہ

تو وہ یہ زیادتی بھی کر سکتے ہیں جو کسی
ملت و کسی مذہب میں روا نہیں ہے۔ شعر
ہزار بت کدہ دل کو میرے خدا کیلئے
پاس رہنے دو اسمیں جھانکیا دیکھو

مولانا۔ شاہ جہانپناہ کو آپکا وہ اشتیاق نامہ بھی
مل گیا جو آپنے انارکلی کو بڑے اشتیاق سے لکھا تھا

شہزادہ۔ اگر وہ بھی جستجو میں رہیں گے
تو ایسے ایسے سینکڑوں اشتیاق نامے انہیں ملا کرینگے
انکی مجھے مطلق پرواہ نہیں۔ یہ تو آپ اسے سنائیں
جو اسکا منکر ہو اور اسے ڈرائیں جو اس سے
ڈرے نہ میں ڈرتا ہوں نہ انکار ہی کرتا ہوں
پھر آپ مجھے اس پر کس کی دھمکی دیتے
ہیں۔ کیوں مولانا کیا اس جور و تعدی
کے تمام محشر کے سامنے آپ جواب دہ نہ
ہونگے۔ کیونکہ آپ شاہ ذیجاہ کے تمام کام
کے ذمہ دار ہیں۔ آپکو انہیں ایسے بیجا
جور و ظلم سے روکنا چاہیئے۔ میرے نزدیک
تو آپ ان سے زیادہ جواب دہ گردانے
جائینگے۔ حیف وزیر عین شہریار جہاں۔

مولانا۔ میں جواب دہ ہرگز نہیں ہو سکتا
البتہ آپ کی ضد سے آپ وہ ہو سکتی ہے
اور عجیب نہیں جو آپ کی یہ ضد اس
انارکلی بیچاری کی جان لیوا بھی ٹھہرے
جسکا آپ خود تصور ہو جائینگے۔

شہزادہ۔ اسکا کیا مطلب۔

مولانا۔ اسکا مطلب یہ کہ شہریار والاشان
سینہ پر مجبور ہے ہیں۔ اگر آپ نے
انارکلی کی محبت سے ہاتھ نہ کھینچا تو عجب
نہیں کہ قبلہ و کعبہ اسکی جان لے لیں۔ اگر
آپ اسکے ایسے ہی فدائی ہیں تو آپکو اختیار ہے

شہزادہ۔ یا الہی یہ ستم یہ ظلم۔ اچھا اگر یہ
اس کی جان لی جاتی ہے تو میری بھی حاضر
ہے۔ آپ اور وہ دونوں صاحب اپنی
اپنی نکل کر لیں۔

مولانا۔ خدا نہ کرے۔ کہ آپ کی جان
پر کوئی صدمہ پہنچے۔ آپ یہ کیا فرما رہے ہیں
رہا۔ انارکلی کا معاملہ اس بارے میں
بالکل مجبور ہوں۔ نہیں معلوم شاہ
ذیجاہ نے اس بارہ میں کونسی مصلحت
سوچی ہو۔

شہزادہ۔ مولانا کیا آپکو یقین ہے کہ
میں اس کی مفارقت میں زندہ رہ سکتا ہوں
اگر آپ کو ایسا گمان ہو تو وہ محض غلط ہے
اور کیوں آپ لوگ میری جان کے لیوا ہو
میں خدا کیلئے سخت [illegible]

ہماری عمر پہ بھی ظلم کرنا چاہا [illegible]
[illegible]

مولانا۔ مجھے کیا حکم ہے [illegible]

شہزادہ۔ مجھے تو کچھ [illegible]
کر چکا [illegible]

تصور فرمائیں۔

مولانا۔ شہزادہ عالم آپ اسقدر عجلت سے کام نہ لیں دو چار روز اور سوچ لیں اور سوچ سمجھ لیں کہ تنہیں کا کام ہمیشہ خراب ہوتا ہے

شہزادہ۔ مجھے جو کچھ سوچنا تھا۔ وہ سوچ چکا اب کیا خاک سوچوں یہ نکر مولانا چپکے سے کھسک گئے اور یاد میں یہ باتیں ہونے لگیں۔

خواجہ محمود۔ شہزادے سے کی آپ نے ابوالفضل سے چشمک کرلی۔ برا کیا کہ وہ اسوقت شہریار ملک اقتدار کا نفس ناطقہ ہے کہیں کوئی فتنہ نہ اٹھائے کہ فتنہ انگیزی انکی گھٹی میں پڑی ہے

مرلیدھر۔ بیشک بڑا موذی ہے اس کے کاٹے کا منتر ہی نہیں اس کمبخت سے ہمیشہ ڈرتے ہی رہنا چاہیئے

شہزادہ۔ اجی اس بیچارے کی حقیقت ہی کیا ہے۔ کبھی تو خدا صاحب تخت دیگا۔ جب دیکھا جائیگا۔ آپ گھبراتے کیوں ہیں۔

خواجہ محمود۔ اجی اپنی معشوقہ مہر تمثیل کی بھی کچھ فکر کر دیجئے۔ یا کانوں میں تیل ہی دیئے بیٹھے رہوگے

مرلیدھر۔ ضرور کوئی نہ کوئی فکر کرنی چاہیئے۔ ایسا نہ ہو کہیں ان شتالول سمجھادار چل جائے تو پھر کچھ بھی نہ بن پڑیگی۔

شہزادہ۔ بھئی تدبیر کیا کروں۔ کچھ سمجھ ہی میں نہیں آتا میرے تو ہوش و حواس ہی درست نہیں۔ ہاں آپ اصحاب کچھ تدبیر کریں تو ممکن ہے۔

خواجہ محمود۔ انشاءاللہ وہ بندوبست کروں کہ باید و شاید آپ مطمئن رہیں۔

مرلیدھر۔ یار اس مولوی کمبخت نے تو تمام مزہ کرکرا کر دیا۔ عین لطف و کیف کے اندر کمبخت پہنچ ... اب کس کا خوف ہے

دور چلے دور پہ ساقیا
اور چلے اور پلے ساقیا

(یہ اشارہ ہوتے ہی جام صراحی حاضر کردی) اور آب آتشین کا دور شروع ہوا۔

مصیبری۔ جی ہاں بندہ نوازی اسی کی تو کسر تھی۔ جسکے لئے آپ بیتاب سے تھے لیجیئے آپ پیجیئے اور جہاں تک طبیعت چاہے دفراغت سے دل بہلایئے۔

بارھواں باب

مجرم محبت کی روبکاری

بجرم عشق عالم سکندر عوغا لیست
تونیز بر سر بام آنکہ خوش تماشا لیست

اکبری دربار میں یوں تو ہر کوئی اپنے اپنے فن میں کامل العیار یگانہ روزگار تھا۔ مگر خاصکر راجہ بیربل کا بدلہ سنج لطیفہ گو ستم ظریف

ہر فن مولا تھا۔ مگر پھر بھی ہمارے ملا دوپیازے صاحب کی غیر حاضری تمام دربار کو کھل رہی تھی۔ حتیٰ کہ ملا کی عدم موجودگی بیربر تک کو شاق تھی۔ ہمیشہ متاسف ہو کر کہا کرتا تھا کہ ہائے ملا کے نہ ہونے سے ظرافت، مذاقی و نغز گوئی کو بالکل خاک میں ملا رکھا ہے۔ جب سے وہ قدردان و قدر شناس دکھن کی طرف گیا دل لگی کا لطف ہی جاتا رہا۔ اور دربار کی گرما گرمی ہی بالکل سرد ہو گئی یہی باتیں ہو رہی تھیں کہ چوبدار نے ایک عرضی لا کر دی جسے "فیضی" نے شاہ جمشید جاہ کو بڑی خندہ لبی سے سنائی یہ عریضہ ہمارے زندہ دل ملا کا بایں مضمون بلا عنوان مضمون تھا۔

عالیجاہ، فدوی جو خیالات حضور کے لودبار دربار کی نسبت، مکہ کی روانگی سے پہلے ظاہر کئے تھے۔ انکی معافی کا مترقب اور انکے واپس لینے کا ملتجی ہوں۔ اگر وہ اس قابل بھی نہوں تاہم حضور کے عنایات شاہانہ کا جو اس رہ خلائق پر ہمیشہ سے سایہ فگن ہے۔ وہ میرے توقع کو متوقع کر رہے ہیں۔ کہ ضرور میری آرزو پوری ہوگی اور شاہ ذیجاہ حزاں نخواہ نا حلا پوشی کو کام فرمائینگے۔

لیجئے ابھی امید پر حاضر دربار ہوتے ہیں

شاہ ذیجاہ یہ عریضہ سنکر نہایت مسرور و محظوظ ہوئے اور فوراً جملہ اراکین و عمائدین کو ملا کی پیشوائی کو بھیجا جب ملا حضور دربار ہوئے تو ان پہلے عہدہ و منصب پر ممتاز کئے گئے اور خاص کھانا سے یہ باتیں ہوئیں۔

شاہ ذیجاہ۔ کیوں ملا صاحب بیتین ہمیں کہاں گذار سے اچھے تو رہے۔

ملا۔ قبلہ عالم۔ مفضلے سے مفضلے الیہ حضور کے قدم ہمایوں تعلیم کی جدائی بہت شاق تھی ہو گئی ورنہ مکہ معظمہ و مدینہ سے کبھی واپس نہ آتا

بیربر۔ (مسکرا کر) قبلہ عالم! یہ دھوبی کا کتا گھر کا نہ گھاٹ کا۔

ملا۔ پیر و مرشد! یہ کمثل ہے مگر گھر کی گھاٹ کا۔ اس کی سرشت میں ایذا رسانی ہے۔ یہ دیوانہ اس کی گھروالی دیوانی ہے۔ ذرا آنول تو ملاحظہ ہو پورا ڈھول ہے اور خود مجسم ڈبلول ہے

اس نوک جھوک کے بعد دیر تک ادھر ادھر کی باتیں ہوتی رہیں مگر تفریح و چار شتر گی

شاہ ذیجاہ۔ ملا صاحب کو آپ بہت اچھی پگڑی باندھتے ہیں۔ مگر آج تو چشم بد دور بیربر کا عمامہ بھی آپ کی پگڑی سے کچھ گھٹتا نہیں۔

چونکہ بیربر بیچارے کو پگڑی باندھنی نہ آتی تھی اسلئے اسپر یہ فقرہ چست کیا گیا تھا۔

ملا- حضور لوگ، بھلا ان کی کیا ہمارے
ہمارے سے ہتی کیوں ہونے لگی جب میاں
بی بی دونوں ملک باندھیں ورنہ یہ بیچارے
... کی قدر کیا جانیں البتہ ... کی
قدر خوب جانتا ہے۔ جس پر مزدور بوجھ
رکھ جاتے ہیں کیونکہ پہلے اس کا پیشہ ہی
یہ تھا۔ الطاف حضوری کو دعا دے۔
جس نے اسے اس دربار میں بار دلا دی
شاہ ذیجاہ- کیا خوب- بہت ہی اچھی کہی
پھر سب قہقہے ... یعنی ملا عزیب کو پگڑی
باندھنے کا سلیقہ کہاں سے آئے اس کے
یورپ جیسے باندھنے کا البتہ سلیقہ ہے۔
ملا- (اسپک) کر اپنی اور بیربل کی پگڑی اتار
کیا دوڑ توڑ کے اچھا! بھلا کس کو آتی
کیا ہے ... آپ بھی باندھنے میں بھی
باندھتا ہوں۔ ابھی شاہ ذیجاہ کے
سامنے ہی ہماری آپ کی قلعی کھلی جاتی ہے
ملا نے آنا فانا میں اپنی پگڑی پہلے بھی
اچھی باندھ لی مگر بیربل بیچارے سے نہ بندھ
سکی اور وہ بہت بڑا کر رہ گیا۔ اب تو ملا کی بن
آئی مونچھوں پر تاؤ دیکر فرمانے لگے۔ اللہ
باپ نے ... مرد الٰہی کو ... مدد کرے وہ عزیب
جب ... ہو گیا یہ صحبت ابھی
... ملا اور بیربل میں چھیڑ چھاڑ
ہو رہی تھی۔ دونوں ... رہے تھے

دربار قہقہوں سے گونج ہی رہا تھا۔ شاہ ذیجاہ خوش
ہی ہو رہا تھا کہ مولانا ابوالفضل بھی آ پہنچے۔
مولانا۔ (ملا کو دیکھکر) آخاہ آپ کہاں
رنگ پڑے۔
ملا- السلام علیکم یا دستور المعظم
مولانا۔ (مسکرا کر) جل جلالہ۔
ملا- پھر وہی چھیڑ خانی۔ کیا آپ کو میرا یہاں
رہنا بھی آنکھوں نہیں بھاتا۔
مولانا- اجی آپ ہماری سر آنکھوں پر
آپ یہ کیا فرماتے ہیں۔
شاہ ذیجاہ- ابوالفضل صاحب کہئے کیا
خبر لائے وہ گمراہ راہ پر بھی آیا۔
(ابوالفضل نے جھک کر بڑے ادب سے
شاہ ذیجاہ کے کان میں یہ کہا۔
میری تو دال مطلق دال نہ گلی۔ مینے
تو اپنی طرف سے بتہرا زور لگایا بہت
کچھ سمجھایا۔ مگر شہزادہ عالم پر تو عشق
کا جن ایسا سوار ہوا ہے کہ وہ کسی
طرح اترتا ہی نظر نہیں آتا۔
شاہ ذیجاہ۔ اچھا اب وہ جن ہم اتار دینگے دیکھنا یہ
ہے کہ ہمارے عمل کے سامنے بھی جن ٹھہرتا ہے یا نہیں
وہ ہے کس خیال میں۔
مولانا- پیر و مرشد مینے تو یہ بھی دھمکی
دی کہ اگر باز نہ آئینگے تو انارکلی کے خون
کے بخشنے میں آپ ہی جواب دہ ٹھہرینگے

شاہ ذیجاہ۔ ابھی یہ صرف دہکی ہی نہیں انشاء اللہ سامنے آ جائیگا۔

مولانا۔ مجھے تو شہزادے عالم کے تیور کچھ اچھے نہیں نظر آتے۔ خدا خیر کرے

شاہ ذیجاہ۔ خود بخود اچھے ہو جائینگے گھبراتے کیوں ہو۔ دیکھتے جاؤ۔ شاہ اسوقت سخت برہم ہو رہے تھے مارے طیش و غضب کے آنکھوں سے چنگاریاں اڑ رہی تھیں۔

ابوالفضل نے یہ مناسب سمجھا۔ اور اسوقت شاہ ذیجاہ کی طبیعت بہلانے کی فکر کیجیئے۔ مزاجدان تو تھا ہی فوراً پیر پر کی طرف اشارہ کیا وہ بھی ابوالفضل سا منشا تاڑ گیا۔ اور چپکے اسکے کان میں کچھ کہنے لگا۔

شاہ ذیجاہ۔ بھئی یہ آپس کی سرگوشیوں کی سہی نہیں۔ یہ معاملہ کیا ہے کچھ ہمیں بھی تو معلوم ہو۔ یہ تنہا خوری چہ معنی

مولانا۔ نہیں حضور کچھ بھی نہیں۔ صرف پیر پر ملا صاحب سے یہ دریافت فرماتے ہیں۔ کہ ملاں صاحب اپنا بوریا بندھنا کہاں چھوڑ آئے یا بیت اللہ شریف کے سفر میں کسی مزار پر چڑھا آئے۔

ملا۔ من خوب مے تنا سم پیران پارسا را۔ جلا میں اپنا بوریا بندھنا کہاں چھوڑ آتا انہیں تو بغل میں دبائے ہوں۔ مگر پیر پر اپنا تنگ سکتور اور ایک اپنا کھرچا جالی کہاں بھول آئے ہیں وقت تو آپ صاحبوں کو سخت تکلیف ہوتی ہوگی اور یہ دن اسکے ناچتے ہونگے۔

پیر پر۔ واہ ملا صاحب!! آپکے تو ماشاء اللہ آپ خوب بولتے ہیں (ابوالفضل کی طرف مخاطب ہوکر) ملا صاحب ابکی بہار میں خوب چہکیں گے۔

ملا۔ خدا کیلئے چھیڑیئے نہیں۔ بھلا یہ تو فرمایئے کہ کرم تو آپ کھا یا آپنے اور جرکوں میں ایسی الٹی گنگا تو نہ بہا دیئے۔

پیر پر۔ اچھا ملا صاحب ایک مسئلہ تو بوجھئے دیکھیں تو آپ کا دماغ دستکلین تو نہیں چاٹ گئی اور کعبہ پر سی مبارک کھلی تو نہیں ہوگئی۔

مولانا۔ (پیر پر سے) ہاں ہاں میں تو بھول ہی گیا تھا۔ جی تیل ملا صاحب ایک بوجھیں کہ آپ بھی یاد کریں دیکھتے کیا ہیں۔ گھبرانے کی ضرورت نہیں ہاں ملاں صاحب ذرہ لگائیے تو زور

ملا۔ اس سے فائدہ ہی کیا۔ ہاں کچھ دلوایئے۔ تو کیا مضائقہ ہے۔

مولانا۔ اجی ملا صاحب آپ کا حلوا مانڈا موجود ہے۔ گھبرائیے نہیں۔

زور تو لگائیے ان بھی پیر مولانا صاحب حاضر ہیں
پیر پٹ (مولانا سے) واہ ملا صاحب
تو صاحی ہی نہیں پیر تے ان کی ہمت
ہی نہیں پڑتی۔ آپ خواہ مخواہ مار
مار کر ملا صاحب کو مرد میدان بنا رہے
ہیں۔ مطمئن رہیئے ملا صاحب ایسے
سادہ لوح نہیں ہیں۔ کہ آپ کی
پر چلک با پڑھاوے میں آجاوے
ملا۔ (جھل کر) سادہ لوح تو آپ ہیں
بھلا میں کیونکر سادہ لوح ہونے لگا
خیر اگر ہمارے وستاد العظم ہی چاہتے
ہیں تو بسم اللہ فرمائیے۔ ایک حل کیا
ہو کہ آپ اور وہ دونوں صاحب
زندگی بھر یاد کریں تو سہی۔
پیر پٹ۔ واہ ملا صاحب آخر ملا ہی ہو
آ گئے مولانا سے فقروں میں (مولانا
کی طرف متوجہ ہو کر) واہ مولانا مانتا
ہوں۔ آخر ملا بیچارے کو شیشہ میں
اتار ہی لیا۔
مولانا (پیر پٹ سے) واہ آپ تو ناحق
ملا صاحب کو غصہ دلا رہے ہیں آپ
اپنی پہیلی بجھوائیے تو سہی تو صاحب
کیسا بوجھتے ہیں کہ آپ کے
بھی دانت کھٹے ہو جائیں اور اب بھی
ملا صاحب کی طباعی و ذکاوت و زود
فہمی و فراست کا لوہا مان جائیں۔
پیر پٹ۔ بہت اچھا یار میں بھی تو دیکھتا
ہوں کہ آپ کے ملا صاحب کہاں تک ہیں
سلجھے ملا صاحب

معما

وہ کونسی سہ حرفی چیز ہے۔ جو اسے کھائے
وہ منہ سے رال اور آنکھوں سے آنسو بہائے
اگر ہم اسکے سر کو پاؤں بنائیں۔
یعنی مقلوب کر دیں "جلد" ہو جائے
آپ اگر سر کے نیچے کے دو نقطے اڑا دیں
تو جسم اور خطا ہو جائے
۲ اب اگر اس سر کے نیچے کے اس باقی ایک
نقطہ کو سر کے اوپر لکھدیں تو قوتی ہو جائے
۳ اب اگر اس ایک نقطہ کو بھی اڑا دیں
تو مکان ہو جائے۔

حل معما

ملا۔ واہ یہ بھی کوئی معما ہے یہ تو
مکتب کے لونڈوں کا مشغلہ ہے اچھا
آپ بھی کیا کہیں گے ملاحظہ ہو۔
۱ وہ سہ حرفی لفظ مرچ ہے اسے جو بھی
کھائے گا منہ سے رال اور آنکھ سے آنسو
اب اگر اسے مقلوب فرمادیں تو چرم ہو
ہو جائیگا چرم جلد کو کہتے ہیں۔
۲ اب اگر آپ سر کے نیچے دو نقطے تو فرما
جائینگے تو جرم اور رحرم جسم کے معنی جسم اور

اور خطا کے ہیں۔
اب اگر آپ اس ایک نقطہ کو تحت سے بالا
کردیں تو ج سے رخ ہو کر خرم ہو جائیگا
خرم خوشی کو کہتے ہیں۔
اب اگر آپ یہ نقطہ بھی نکال جائیں تو
ج سے ح ہو کر حرم ہو جائیگا حرم اسے
کہتے ہیں جسمیں اپنی گھر کی بیبی رہتی ہیں
ان بدلہ سنجیوں سے شاہ ذیجاہ کا ملال
کچھ کم ہوا اور طبیعت ایک گونہ ٹھہری آخر
دربار برخاست فرما کر داخل محل ہوئے۔ مگر
یہاں بھی شہزادے کی خلش نے رگ جان
کے ساتھ نشتر کا کام کرنا شروع کیا جب
مزاج مبارک میں بہت ہی پراگندہ ہوا تو پھر
مولانا ابوالفضل کو بلا بھیجا۔ اور اسنے یہ گفتگو کی
شاہ ذیجاہ۔ طبیعت یکسو کرنے کی غرض
سے لئے مولانا آج تو ملا نے آپ دونوں
صاحب کو ٹوک دی۔ بھئی کیا عمدگی
سے معما حل کیا کہ طبیعت پھڑک پھڑک
گئی۔ اسنے آپ لوگوں کو ملا کا لوہا ماننا پڑے گا
بھلا یہ لوگوں کا معما کہاں سے ہاتھ آ گیا تھا۔
مولانا۔ پیرو مرشد فاضل کی فضلیت کا
کامل کی کمالیت ماننا ہی پڑتی ہے بھلا
ملا کی فضلیت و کمالیت کا کون ہے۔ جو
قائل نہیں ہے یہ معما تو پیر بر کے کسی
دوست نے حل کرنیکی غرض سے بھیجا تھا

مگر باوجود کئی دن غور و خوض کرنیکے بھی حل نہ ہوا
تھا۔ جیسے ملا نے چٹکی بجاتے حل کر دیا۔
شاہ ذیجاہ۔ حل کیا اور بہت ہی عمدہ
طور سے حل کیا۔
مولانا۔ اسمیں کیا شک ہے
شاہ ذیجاہ۔ میں نے آپ کو اس وقت
اسلئے تکلیف دی ہے کہ شاہزادہ سلیم
نے ناک میں دم کر رکھا ہے اسکا
کیا انتظام کیا جائے۔
شاہ ذیجاہ۔ جو کچھ شاہ ثریا جاہ کے خیال
اقدس میں آئے وہی انسب و احسن ہے
شاہ ذیجاہ۔ میرے ذہن میں ایک تدبیر
نہ سیدھی سے ہے کیونکہ یہ بغیر کسی قسم کے
شور و غل دھگڑا فساد کے انجام پا جائیگی۔
مولانا۔ مگر میری رائے تو یہ ہے کہ ذرا
انارکلی کے عذر بھی سن لئے جائیں۔
شاہ ذیجاہ۔ کیا اب بھی آپ کو اس میں
کچھ شک ہے کہ وہ ان بداعمالیوں کی مرتکب
ہے۔
مولانا۔ نہیں میں تو یہ نہیں کہتا۔ کیونکہ
شہزادہ عالم کی و شادی بھی داشتیاق ماہی
موجود ہے مگر ممکن ہے۔ کہ وہ اپنی جان
کے خوف سے اس حیان بیہودگی سے
باز آجائے اور دوسرے کسی اور سے نکاح کر لینے
کو راضی ہو جائے۔ اور یہ خلل بھی کسی صورت ہو

کسی پر عیاں نہ ہو

شاہ ذیجاہ۔ آپ کی رائے تو مناسب ہے مگر جب وہ اسے منظور بھی کرے۔

مولانا۔ اچھا دیکھے ہی نہ لیا جائے ہمیں حضور والا کا مزاج ہی کیا ہے

شاہ ذیجاہ۔ بہت اچھا ہم آج ہی انارکلی سے دریافت کیے لیتے ہیں دیکھیں وہ کیا جواب دیتی ہے۔

مولانا۔ ہاں ہاں ضرور! تاکہ یہ حجت بھی رفع ہو جائے۔

شاہ ذیجاہ مولانا کو رخصت فرما کر پھر محلات شاہی میں واپس تشریف لیگئے اور انارکلی کو شیش محل میں لانے کا حکم صادر فرمایا۔ وہ فوراً وہاں حاضر کیگئی اسکے بعد ہی شاہ ذیجاہ بھی وہیں رونق افروز ہوئے۔

شیش محل کی اندرونی دیواروں میں جہاں شاہ ذیجاہ بیٹھا کرتے تھے وہاں بجائے اینٹوں کے بڑے بڑے شیشے لگائے گئے تھے۔

انارکلی کی حالت اسوقت قابل رحم ہی نہیں تھی بلکہ واجب الرحم تھی اسکا گول چہرہ غم و الم کی چوٹ سے [illegible] کر دیا [illegible] شگفتہ [illegible] ہوا اہل [illegible] تا [illegible] نہ پائے [illegible]

آہ! یہ غریب و بدنصیب بیچاری چہرۂ حسن کی تازہ معصوم لڑکی محبت و الفت کے سنگلاخ میدانوں اور ریگزاروں میں ٹھوکروں پر ٹھوکریں کھا رہی ہے مصیبتوں پر مصیبتیں اٹھا رہی ہے سینہ فگار ہے دل بیقرار ہے۔ جگر خون رو رہا ہے دماغ مجنون ہو رہا ہے۔ صبر و شکیب کی پونجی غارت ہو چکی ہے بخت نا ساز نالہ و آہ و مسافت فلک در پے آزار و [illegible] ہمدرد و غمخوار راحت اسقدر مصیبتیں ایک نادان و ناکردہ گناہ پر کیوں پڑ رہی ہیں۔ اسکا جواب یہی ہے کہ سب اسکے عشق و خطائے الفت کی پاداش ہے۔

شاہ ذیجاہ ایک خوبصورت کرسی پر متمکن ہیں۔ اور مجرم عشق انارکلی دست بستہ سامنے حاضر ہے نگہیں نیچی ہیں [illegible] خونی رواں ہیں دل و جگر پہلو میں تپاں ہیں مجرم عشق کا مجرم اپنے جرم کا اقبالی ہے یہ بھی ہمارے شاہی ملزم کی بلند خیالی ہے ورنہ مجرم کا مقر ہونا محال ہے۔ مگر اسے صدق و صفا کا ہردم خیال ہے۔

شاہ ذیجاہ۔ سنو بی لڑکی اگر تم اپنی جان کی خیر خواہی چاہتی ہو تو میرا کہنا مانو اور میری ہدایت پر عمل کرو۔ ورنہ پچھتاؤ گی۔ اور میں بری طرح پیش آؤنگا۔

انارکلی۔ [illegible] بیگم۔ [illegible] شمس النساء بیگم [illegible] طالع انارکلی [illegible]

حضور کے حکم سے انحراف اور حضور کی زرین
رائے سے اختلاف کرنے کی جرات کر سکتی ہے کس
سکتی ہے جو کچھ حکم ہو کا اسکی بجا آوری کو اپنی سعادت سمجھونگی
اور اسپر کاربند ہونیکو اپنا فخر
شاہ ذیجاہ۔ تو ہم چاہتے ہیں کہ تم کسی اور کو اپنا
کرلو۔ کہ اسمیں ہماری خوشنودی اور تمہاری بہبودی ہے
انارکلی۔ حضور اس سے تو مجھے معاف
فرمادیں۔ اور جو کچھ حکم ہو اسکی تعمیل بسر و
چشم حاضر ہوں۔
شاہ ذیجاہ۔ یہ شاہی عدول حکمی تمہارے
لئے زہر کا حکم رکھتی ہے۔ دیکھو اب
بھی کچھ نہیں بگڑا۔ اپنا نیک و بد
سوچ لو ورنہ پچھتاؤ گی۔
انارکلی۔ بیشک میں ملزم الزامات ہوں
علاوہ شاہی عدول حکمی کی بھی مجرم ہوں
انکار کس قسمت سے ہو سکتا ہے۔
شاہ ذیجاہ۔ پھر مجرم کو سزا ہونی چاہئے
انارکلی۔ حضور والا میں تو مجھے کوئی
عذر نہیں مگر [illegible] انتقام
[illegible]
شاہ ذیجاہ۔ تو [illegible]
جو میں کہہ چکا ہوں۔ اور پھر صاف صاف
کہہ دیتا ہوں۔ کہ تم سلیم اور اس کے خیال
کو چھوڑ دو۔ اور اسکی محبت [illegible]
ورنہ [illegible]

تمہارا کوئی بس نہیں ہے اور سلیم بھی بدبخت ہے
تو نے چار چاند لگے ہوئے ہیں جو دوسرا نہیں
انارکلی۔ قبلہ عالم دنیا تو کیا [illegible]
کیا کروں۔ دل [illegible]
[illegible] سے تو یہ اور [illegible]
سمجھا دل کیا ہیں [illegible]
اپنے میں ایسا کیسے [illegible]
معذور ہوں۔ اگر کسی اور کو [illegible]
کہیں جان کے خوف سے کبھی [illegible]
میں چھوڑ کر ایسا کروں گی تو وہ مد نظر ہے
[illegible]
سے سطر
طبیعت آگئی [illegible]
تصدق دل جسم و جان قربان [illegible]
ادھر یہ [illegible]
[illegible]
شہزادہ [illegible]
ہو گیا۔ اب تو یہاں طبیعت ہی نہیں لگتی
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

اور جاؤں کہاں۔ یہاں تو اس موذی
ابوالفضل کا وہ خدشہ ہے کہ چین ہی نہیں
لینے دیتا۔ مہاراجہ نے یہاں سے جا کر بادشاہ
کو کیا کیا پٹی پڑھائی ہوگی آپ صاحبوں کا کیا
اس سے کہیں برا نقشہ دیکھیگا۔
مرلیدھر۔ جی جناب وہ ایک ہی
چلتا ہوا آدمی ہے اس نے تو
قبلہ و کعبہ سے ایک کے دس دس لگائے
ہونگے اور اس بد باطن سے بچائے
خواجہ محمود۔ کیا آپ بدوں اجازت
شاہ دنیا کے چلے جائینگے ہمارے نزدیک
یہ بالکل نامناسب ہے
شہزادہ۔ جی تو یہی چاہتا ہے کہ اب
نہیں منہ ہی نہ دکھائیں۔ اور چپکے ہی چپکے
چلدیں۔ ایسے والد سے کیسے برتاؤ
خواجہ محمود۔ ہاں حضرت کہیں ایسا
غضب نہ کیجیئیگا۔ ورنہ پھر تو قیامت
بپا ہو جائیگی۔ قبلہ و کعبہ کی [illegible]
[illegible] اس کے [illegible]
[illegible]
[illegible] دیا کیجئے۔
شہزادہ۔ [illegible]
[illegible] چھوڑ دیگا۔
خواجہ محمود۔ [illegible]
[illegible]

پہلے شاہ دنیا سے اجازت حاصل کر لیجئے
ورنہ بھی بدنامی اور چپکے کی بات نہ ہوگی۔
مرلیدھر۔ کب تک روانگی کا ارادہ ہے
شہزادہ۔ میں تو ابھی تیار ہوں۔ کیونکہ
مجھے کچھ لینا دینا تو ہے نہیں۔ فقط آپ
صاحبوں کی دیر ہے۔
خواجہ محمود۔ بھلا یہ تو فرمائیے کہ بیگم
کے یہ تمام مصیبتیں جھیلی جاتی ہیں۔ اس
کی خبر خیریت کیونکر معلوم ہوتی رہیگی۔ اور
اس سے بھی اجازت لیلی یا اس سے
بھی چھپا کر چلدینے کا ارادہ ہے۔ اگر
ایسا کیجیئیگا تو وہ بیچاری اپنے جی سے گئی
گذریگی۔ اور آپکو کیا کہیگی۔
شہزادہ۔ ہاں اس سے تو اجازت
لیلی [illegible]
قسم دلا سکتا ہوں۔ اسکی خبر [illegible]
کی بھی کچھ تدبیر ہو ہی جائیگی۔
مرلیدھر۔ پھر آپ یہاں سے جا کر بھی
کیونکر چین سے [illegible]
کی جدائی کا صدمہ اٹھا سکے [illegible]
[illegible] ہوتی ہے۔
شہزادہ۔ ہاں حضرت! قبلہ و کعبہ کی
تو وہ آنکھیں ابوالفضل کی [illegible]
[illegible] فراق [illegible]
[illegible] زندگی

وہ بھی حالت اخیر ان ہو رہی ہے۔ پھر یہاں رہ
کر سوائے جان دینے او صبر ہی سے کے اور کیا چارہ
ہے تو مجھ سے نہیں ہو سکتا کہ میرا عزیز یوسف
زندان میں رہے اور میں اطمینان سے بیٹھا مزے
کیا کروں بھلا وہ اپنے جی میں کیا کہیگی
کہیں تو حضرت کے لیے قید جھیلوں اور حضرت
کو خبر تک نہ ہو۔ کیونکہ اسے میرے دل کی
کیفیت کی کیا خبر ہے۔ اسلئے بہتر ہے کہ اسکو لیتا
یہاں تک جاؤں شاید میرے چلے جانے
ابا کا غصہ رفع ہو جائے۔ اور وہ زندانی
قید سے رہائی پا جائے۔

مرلید مہر۔ خدا ایسا ہی کرے

خواجہ محمود۔ اچھا اب جاکر شاہ ذیجاہ
سے اجازت حاصل کیجئے۔ دیکھئے تو
وہ کیا فرماتے ہیں۔ ہماری تیاری میں
دیر ہی کیا ہے۔ ہمیں تو پا بہ رکاب
ہی سمجھئے۔

شہزادہ اچھا کہکر اسیوقت شاہ
ذیجاہ کی خدمت میں اجازت کے
لئے روانہ ہوا۔

اسے پہلے وقت تھا کہ حیثیت ذیجاہ [illegible]
[illegible]

بل کر بیٹھک میں سٹے ہوئے پہنچا اور یہ حالت
دیکھکر ہکا بکا رہ گیا

اسے او ڈگمگاتے ہوئے عاشق ومعشوق
شہزادوں کو دیکھا کہ نیند کس حالت
ملے ہیں۔ کہ جیسے دیکھکر کلیجہ منہ کو آ
جاتا ہے۔ اے خدا دشمن سے دشمن
کو بھی ایسی حالت نہ دکھائے گو
یہ دونوں مجرم ہیں۔ اور اپنے جج کے
اس فیصلے کے منتظر ہیں کہ جو انکے حق میں
ہونیوالا ہے۔ مگر انکا مضطر دل اس دار پر بھی
نہیں مانتا اور یکسو ہو کر انکو بیکسی گھیر رہی
لیتا ہے جس کبھی انکا چہرہ شگفتہ ہو جاتا ہے
کبھی مغموم و پژمردہ آخر دونوں طالب و مطلوب جوش
اشتیاق میں ایسے بیخود و زندہ ہو گئے کہ
علانیہ اشارے بازیاں ہونے لگیں۔ اور
شاہ ذیجاہ شیشیوں کے انعکاس سے
یہ للچائی و شدید حرکتیں تاڑ رہے تھے
جس سے شاہ ذیجاہ کا رہا سہا گمان بھی
درجہ یقین کو پہنچ گیا۔ وہ پہلے سے
زیادہ غریب و بیکس [illegible]
آزار ہوگئے اور یہ سوالات کئے۔

شاہ ذیجاہ۔ کیوں [illegible]
[illegible]

شاہ ذیجاہ۔ کیا آپکو کچھ کسی آنیکی فرصت نہیں پھر یہ کیسے کہ آپکے ناعاقبت اندیشوں یا ... یہانتک آنیکی فرصت کر دی۔

شہزادہ۔ قبلۂ عالم آجکل طبیعت کچھ ناساز رہتی ہے مگر حکم ہوا تو دیکھی کیطرف بغرض تبدیل آب و ہوا ... سے دو لوگ ... چلا جاؤں۔ [illegible] کی ناسازی [illegible] سے ترتیب [illegible]

شاہ ذیجاہ۔ [illegible] یہاں آپکی [illegible] ہوں [illegible] آپکی طبیعت نہیں [illegible] جہاں بالکل تنہائی ہوتی [illegible] اگر آپکا دل کسی [illegible] تنہائی [illegible] تو یہ [illegible] بات ہے

شہزادہ۔ [illegible] طبیعت [illegible] اور اگر [illegible] حال طبیعت [illegible] نہیں ہے

شاہ ذیجاہ۔ [illegible] اب [illegible] آپکی کمی تو میں کو سمجھتا ہوں جو آپ اور آپکے ادول ... دماغ میں ہے وہ انیجا ب کے ناخن میں ہے۔

اچھا حضرت کچھ [illegible] اس وقت آپکا مزاج ملنے کیلئے ہے او طبیعت مقدس کیسی ہے

شہزادہ۔ (آبدیدہ ہوکر) حضور یہ کیا ہوا یا کہ جس کیسے ہوش کا فور ہو گئے اور دل [illegible]

شاہ ذیجاہ۔ نہیں کچھ تو نہیں آپکے اختیار ہے

اب شاہ ذیجاہ مجرم الفت کی طرف متوجہ ہوئے

شاہ ذیجاہ۔ کیوں صاحب صاحبزادی کیا ارادہ ہے

انارکلی۔ حضور مجھے معاف رکھا جائے (شاہزادہ کیطرف دیکھکر) اور ایک آہ کھینچکر

بجز مجرم عشق تو ام [illegible] غایت است
[illegible] تماشا ایست

شاہ ذیجاہ۔ [illegible] آپکی یہ [illegible] دلربا اور یہ [illegible] بالکل کام نہ آئیگی۔ بلکہ آپکو نقصان پہنچائیگی۔ ابھی سنبھل جائیے انارکلی [illegible] اب تو جان جائیگی یا [illegible] اس سے پھر [illegible] یہ دونوں [illegible] کا کام ہے [illegible] میں [illegible] کی ہو چکی [illegible]

کی کیوں ہوں۔ ہاں حضور کو میری جان پر پورا
اختیار ہے۔ حضور کے روبرو میری
جو چاہے سمجھئے مجھے عذر نہیں مگر ہاں اس
معاملہ میں اپنے دل پر زیادہ جبر نہیں کر سکتی
شاہ ذیجاہ۔ (شہزادے سے) کیوں سلیم
بیٹے سنا ہے کہ آپ کو اس عورت
سے انکار ہے۔ اور یہ ایسا کیسا [illegible]
کیا معاملہ ہے
شہزادہ۔ حضور دل سے آخر کیا
اس نے اپنی زبان سے میرا نام نہیں لیا
پھر حضور نے مجھ سے کس بنا پر استفسار
فرمایا جب قبلہ عالم خود ہی ایسا فرماتے
ہیں۔ اور اسکی تمام گفتگو میں اشارہ
ہوں۔ میری ہی طرف منسوب ہوتی
ہے تو پھر بڑی شرم کی بات ہے کہ وہ
تو میرے لئے اپنی جان تک صرف ملامت
میں لا اسے انکار نہ کرے اور میں انکار کر
جاؤں۔ قبلہ عالم مجھے اس سے محبت
کیا سچی عشق ہے اور میں نے اپنا دل اس
کے [illegible] اور اس نے اپنا دل دے
دیا ہے۔ اب انکار کرنا [illegible]
بزدلی ہے۔
شاہ ذیجاہ۔ شاہ [illegible]
رنگ لائی [illegible]
